الیکشن کمیشن آف پاکستان

(شعبہ تعلقات عامہ)

پریس ریلیز

مورخہ 10 کتوبر ،2017ء

26 اکتوبر 2017 کو ھونے والے NA-04 پشاور IV کے ضمنی انتخاب کے سلسلے میں ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے حوالے سے بعض ٹی وی چینلز پر چلنے والی خبروں کے حوالے سے ترجمان الیکشن کمیشن نے وضاحت کرتے ہوئے کہاہے کہ مذکورہ حلقہ میں کسی قسم کے ترقیاتی کاموں یا نئی سکیموں کے افتتاح کے بارے میں کسی نے بھی ابھی تک کوئی تحریری شکایت DRO یا RO کے پاس جمع نہیں کرائیں۔

مقررہ سائز سے بڑے بینرز اور بل بورڈز کے ہٹانے کا عمل جاری ہے۔اور اس کی نگرانی فوکل پرسن برائے NA-04 پشاور ایڈیشنل کمشنر VII پشاور اصلاح الدین انجام دے رہے ہیں۔اوراب تک مختلف مقامات سے یہ بورڈز ہٹائے جاچکے ہیں۔اور مذید ایسے بورڈز جو مقررہ سائز سے بڑے لگائے گئے ہیں۔ان کو ہٹانے کے لیے فوری طور پر ضلعی انتظامیہ کو ھدایات دے دی گئی ہیں۔

****